DT-1

نوٹس کہ دعویدار تشخیصی ٹیسٹس اور معائنے نیٹ ورک فراہم کنندہ کے ذریعے کروانے کی خاطر انتظام کرے

ریاست نیو یارک - ورکرز کمپنسیشن بورڈ

NEW YORK STATE | Workers' Compensation Board

دعویداروں سے ذیل میں شناخت کردہ کیریئر کے تشخیصی ٹیسٹنگ نیٹ ورک (نیٹ ورکس) کے ذریعے تشخیصی ٹیسٹس اور معائنے کروانے کا تقاضا کیا جاتا ہے۔ یہ نوٹس دعویدار اور علاج کرنے والے طبی فراہم کنندہ کو ورکرز کمپنسیشن قانون (7)13-a§ اور 12 NYCRR 325-7 کے مطابق مہیا کیا گیا ہے۔ درکار نوٹس کی فراہمی میں ناکامی سے دعویدار کو تشخیصی ٹیسٹنگ نیٹ ورک (نیٹ ورکس) استعمال کرنے کی اپنی ذمہ داری سے چھوٹ مل جاتی ہے۔

کیریئر کا نام یہاں پرنٹ کریں

نوٹس کی تاریخ: ____________

ذیل میں قابل اطلاق خانے پر نشان لگائیں:

☐ **نوٹس بنام دعویدار**

دعویدار: ____________ ____________ ____________ WCB کیس نمبر: ____________
پہلا نام | درمیانی نام | آخری نام | (اگر دستیاب ہے)

ڈاک کا پتہ: ____________

کیریئر کیس نمبر: ____________

☐ **نوٹس بنام علاج کرنے والا طبی فراہم کنندہ**

علاج کرنے والے فراہم کنندہ کا نام: ____________ تصدیق نمبر: ____________

ڈاک کا پتہ: ____________

تشخیصی معائنے یا ٹیسٹ کی شناخت کریں جو کہ دعویدار تشخیصی ٹیسٹنگ نیٹ ورک کا استعمال کرتے ہوئے لازمی شیڈول کرے گا (تمام قابل اطلاق خانوں کو نشان زد کریں):

☐ تمام ☐ MRI ☐ CT ☐ EMG/NCS ☐ تشخیصی الٹراساؤنڈ ☐ X-Ray

☐ دیگر: ____________

تشخیصی معائنے یا ٹیسٹ کو شیڈول کرنے کے لیے، ذیل میں فہرست کردہ تشخیصی ٹیسٹنگ نیٹ ورک سے رابطہ کریں:

تشخیصی ٹیسٹنگ نیٹ ورک

ذیل میں تشخیصی ٹیسٹنگ نیٹ ورک کا نام، پتہ، ٹول فری ٹیلی فون نمبر اور کوئی ویب ایڈریس یا ای میل رابطہ معلومات کی شناخت کریں:

تشخیصی ٹیسٹنگ نیٹ ورک: ____________

ڈاک کا پتہ: ____________

ٹیلی فون نمبر: (   ) ____________ فیکس نمبر: (   ) ____________

ویب ایڈریس: ____________ ای میل ایڈریس: ____________

حقوق و فرائض کا بیان - تشخیصی ٹیسٹنگ نیٹ ورکس (WCL §13-a(7 اور 12 NYCRR §325-7)

1. دعویدار کو کم از کم پانچ [5] فراہم کنندگان کے نام، پتے اور ٹیلی فون نمبر موصول ہوں گے۔ فراہم کنندگان کو دعویدار کے گھر یا کام سے مناسب فاصلے کے اندر لازمی موجود ہونا چاہیئے۔ اگر مناسب فاصلے کے اندر پانچ [5] سے کم فراہم کنندگان ہیں تو نیٹ ورک دعویدار کو تمام فراہم کنندگان کی تفصیلات لازمی مہیا کرے۔
2. درخواست کرنے کے پانچ [5] کاروباری دنوں کے اندر ٹیسٹ شیڈول کیا اور انجام دیا جائے گا۔ اگر نیٹ ورک کیریئرز سے ٹیسٹ کی منظوری کا کہتا ہے، تب بھی یہ دعویدار کے ڈاکٹر کی جانب سے درخواست کیے جانے کے پانچ [5] کاروباری دنوں کے اندر لازماً انجام دیا جائے۔
3. دعویدار ٹیسٹ کروانے کے لیے کوئی بھی نیٹ ورک فراہم کنندہ منتخب کر سکتا ہے۔
4. دعویدار اپنے ڈاکٹر کے ساتھ تبادلہ خیال کر سکتا یا سکتی ہے کہ کون سا فراہم کنندہ منتخب کرنا ہے۔
5. دعویدار اس نوٹس کا اشتراک اپنے تمام ڈاکٹرز کے ساتھ کرے گا یا کرے گی۔
6. دعویدار کو درج ذیل حالات کے تحت نیٹ ورک فراہم کنندہ استعمال کرنے کی ضرورت نہیں ہے:
   a. فراہم کنندہ پانچ [5] کاروباری دنوں کے اندر ٹیسٹ شیڈول نہیں کر سکتا۔
   b. کیریئر نے دعوے پر اعتراض اٹھایا ہے (تنازعہ کیا ہے) یا اس پر اعتراض اٹھائے گا۔
   c. طبی ایمرجنسی میں۔
   d. دفتر کے دورے کے دوران لیے گئے ایکس ریز کے لیے کہ جو مندرجہ ذیل کی تشخیص اور علاج کے لیے استعمال کیے گئے: فریکچرز، ممکنہ فریکچرز، جوڑوں کا اپنی جگہ سے ہل جانا، ٹیومرز، انفیکشنز، جراحی کے امپلانٹس کا گھس جانا، مصنوعی جوڑوں کا ہل جانا، ریڑھ کی ہڈی ٹیڑھی ہو جانا، یا سرجری کے بعد فالو اپ۔
7. اگر کیریئر مطلوبہ نوٹس فراہم نہیں کرتا، تو کیریئر نیٹ ورکس سے باہر کروائے گئے ٹیسٹس کی ادائیگی لازمی کرے۔
8. تحریری درخواست کی صورت میں، نیٹ ورک دعویدار کے ڈاکٹر کو اصلی ٹیسٹ فلم، ڈیٹا یا ڈیجیٹل امیجز فراہم کرے گا۔ یہ آئٹمز دعویدار کے ڈاکٹر کو رپورٹ کے ساتھ یا تحریری درخواست کی وصولی کے تین [3] کاروباری دنوں کے اندر ارسال کیے جائیں گے۔ اگر ٹیسٹ کی کوالٹی ٹھیک نہیں ہے تو ڈاکٹر طبی علاج کے رہنما خطوط (Medical Treatment Guidelines) میں بیان کردہ درست تشخیص حاصل کرنے کے مقصد سے نیٹ ورک سے دوسرا ٹیسٹ کروانے کا آرڈر دے سکتا ہے۔
9. دعویدار فراہم کنندہ تک آنے اور جانے کے لیے معقول سفری اخراجات کی باز ادائیگی پانے کا حقدار ہے۔

تشخیصی ٹیسٹنگ نیٹ ورکس کے بارے میں مزید معلومات سبجیکٹ نمبر 046-480 میں دستیاب ہیں، جو بورڈ کی ویب سائٹ پر بورڈ بلیٹنز اور سبجیکٹ نمبرز کے اندر موجود ہیں۔